(کنز المدارس بورڈ کے نصاب میں شامل)

درجہ سادسہ (عالیہ دوم) کے نصاب میں شامل ہدایہ شریف سے ماخوذ

ہدایہ
کتاب الطہارت
گنتی والی چیزیں

کاوش ؛ نیاز رضا عطاری

جامعۃ المدینہ فیضان احمد رضا (نارتھ کراچی)

01

سوال1:- صاحب ہدایہ نے وضو کی کتنی سنتیں بیان کی ہیں ۔ ؟
جواب:- صاحب ہدایہ نے وضوء کی 9 سنتیں بیان کی ہیں ۔
1:دونوں ہاتھ دھونا
2:بسم اللہ پڑھنا
3:مسواک کرنا
4:کلی کرنا
5:ناک میں پانی چڑھانا
6:کانوں کا مسح کرنا
7:داڑھی کا خلال کرنا
8:انگلیوں کا خلال کرنا
9: تین تین بار اعضاء کو دھونا ۔

سوال 2:- وضو کے مستحبات کتنے ہیں؟
جواب :- وضو کے مستحبات 4 ہیں۔
1: طہارت کی نیت کرنا 2: پورے سر کا مسح کرنا
3: ترتیب قائم رکھنا 4: سیدھی جانب سے ابتدا کرنا ۔

02

سوال 3 :- نواقض وضو کتنے ہیں؟
جواب :- نواقض وضو دس ہیں ۔
1: سبیلین سے کسی چیز کا خارج ہونا 2: بہنے والا خون 3: بہنے والی پیپ 4: منہ بھر قے 5: نکسیر 6 : ٹیک لگا کر سونا 7: بیہوشی 8: جنون 9: نماز میں قہقہہ لگانا 10: دبر سے کیڑے کا نکلنا ۔
نوٹ : منہ بھر قئ وہ ہوتی ہے جسے بتکلف روکا جائے ۔

سوال 4:- غسل کو واجب کرنے والی چیزیں کتنی ہیں ؟
جواب :- غسل کو واجب کرنے والی چیزیں چار ہیں ۔
1: منی کا شھوت سے نکلنا 2: نفاس 3: حیض
4: التقاء ختنین (شرمگاہوں کا ملنا) ۔

سوال 5:- کن پانیوں سے طہارت حاصل کرنا جائز ہے؟
جواب :- 5 پانیوں سے طہارت حاصل کرنا جائز ہے .
1: آسمان کا پانی 2: وادی کا پانی 3: چشمے کا پانی 4: کنویں کا پانی
5: دریا و سمندر کا پانی۔

سوال 6:- کن پانیوں سے طہارت حاصل کرنا جائز نہیں ؟
جواب :- ان 4 پانیوں سے طہارت جائز نہیں ۔
1۔پھل کے پانی سے ۔
2۔درخت کے پانی سے۔
3۔ماء مغلوب سے۔ (جیسے، سرکہ کا پانی، گلاب کا پانی ، لوبیہ کا پانی ، شوربے کا پانی)
4۔جو پکانے سے بدل جائے مگر اس سے تنظیف کا قصد ہو تو استثناء ہے ۔

سوال 7:- ماء جاری اور ماء مستعمل کی تعریف بیان کریں ؟
ماء جاری کی 2 تعریفات ہیں -
1 :- وہ پانی جسکا استعمال دوبارہ نہ ہو ۔
2 :- جو تنکے کو بھا لے جائے ۔
جواب :- وہ پانی جس کے ذریعے حدث کو زائل کیا گیا ہو یا اسے ثواب (قربت) کے لیے استعمال کیا گیا ہو (یہ تعریف ابو یوسف کی ہے امام اعظم کا بھی یہی قول ہے)۔

سوال 8:- کنویں میں گر کر مرنے والے جانوروں کے احکام کیا ہیں ؟

جواب :- جثہ (جسم) صغری کے مر جانے سے 20 سے 30 ڈول نکالے جائیں گے ۔ {مثلا چوہا چڑیا, چھپکلی}۔

جثہ وسطی والے مرجائیں تو 40 سے 60ڈول۔

{ مثلا کبوتر ,مرغی,بلی وغیرہ۔}

جثہ کبری والے مر جائیں تو پورا کنواں خالی ہوگا ۔{مثلا آدمی کتا ,بکرا وغیرہ}۔

سوال 9:- جانداروں کے پسینے کا کیا حکم ہے ؟

جواب :- اس بارے میں 4 حکم ہیں ۔

1:- طاہر ہے مثال :- آمی اور ماکول اللحم جانور کا جھوٹا ۔

2:- نجس ہے مثال :- کتا , خنزیر اور درندے کا جھوٹا۔

3:-مکروہ ہے :- مثال :- بلی , حشرات الارض اور چیڑ پھاڑ کرنے والے پرندے کا جھوٹا ۔

4:- مشکوک ہے مثال :- گدھا اور خچر کا جھوٹا ۔

05

سوال 10:- کتنی چیزوں پر مسح نا جائز ہے؟
جواب :- 4 چیزوں پر جائز نہیں ۔
1:- عمامہ 2:- ٹوپی 3:- برقع 4:- دستانے۔

سوال 11:- حائضہ کونسے کام نہیں کر سکتی؟
جواب :- حائضہ یہ 6 کام نہیں کر سکتی۔
1:- نماز 2:- روزہ 3:- دخول مسجد 4:- طواف 5:- شوہر کے پاس جانا 6:- قرآن پاک پڑھنا و چھونا ۔

سوال 12:- نجاست کی کتنی قسمیں ہیں اور اسکی طہارت کیا ہے ؟
جواب:- 2 قسمیں ہیں ۔ 1:- نجاست مرئیہ (مثلا،خون، لید) :- اس کی طہارت یہ ہے کہ عین کو زائل کر دیا جائے۔
2:- نجاست غیر مرئیہ (مثلا،بول، خمر) :- اس کی طہارت یہ ہے اتنا دھونا کہ طہارت کا یقین ہو جائے یا ظن غالب ہو جائے۔

06

سوال 13:- پانچوں نمازوں کے اوقات کیا ہیں بیان کریں؟

جواب :- فجر:- اس کا اول وقت جب صبح صادق (فجر ثانی) طلوع ہو ۔ اور اس کا آخر وقت یہ ہے کہ جب تک سورج طلوع نہ ہو ۔
ظہر :- اس کا اول وقت جب سورج زائل ہو جائے ۔ اور آخر وقت 2 قولوں پر ہے ۔ عند الصاحبین :- ہر چیز کا سایہ اصلی ایک مثل ہو جائے ،
عند امام اعظم :- ہر چیز سایہ اصلی دو مثل ہو جائے ۔
عصر:- اس کا اول وقت جب ظہر کا وقت ختم ہو دونوں قولوں پر۔ آخری وقت جب تک غروب شمس نہ ہو۔
مغرب:- اول وقت جب سورج غروب ہو جائے ۔ اور آخر وقت جب تک شفق غائب نہ ہو۔
عشا :- اول وقت یہ ہے کہ شفق غائب ہو جائے ۔ اور آخر وقت جب تک طلوع فجر نہ ہو۔
وتر :- عشا کے بعد سے جب تک فجر طلوع نہ ہو تب تک ۔

سوال 14:- نمازوں کے مستحب اوقات بیان کریں؟
جواب:- فجر :- سردی اور گرمی میں روشن کر کے پڑھنا مستحب ہے۔
ظہر:- گرمی میں ٹھنڈا کر کے پڑھنا اور سردی میں تعجیل مستحب ہے۔
عصر:- سردی ہو یا گرمی تغیر شمس سے پہلے تک تاخیر کر کے پڑھنا مستحب ہے۔
مغرب:- ہمیشہ تعجیل مستحب ہے۔
عشا :- ثلث الیل تک مؤخر کر کے پڑھنا مستحب ہے۔
وتر:- آخر الیل تک تاخیر کر کے پڑھنا مستحب ہے۔

سوال 15 :- بادلوں کے دن میں نماز کے مستحب اوقات کیا ہیں؟
جواب:- فجر ، ظہر اور مغرب ان میں تاخیر مستحب ہے۔
اور عصر و عشا میں تعجیل مستحب ہے۔

سوال 16 :- کتنی اور کونسی چیزوں سے استنجاء کرنا منع ہے؟
جواب :- چار چیزوں سے استنجاء کرنا منع ہے۔ 1:- ہڈی سے 2:- لید (گوبر) 3:- کھانے کی چیزوں سے 4:- سیدھے ہاتھ سے ۔

سوال 17:- مکروہ اوقات میں کیا کام منع ہیں؟
جواب :- مکروہ اوقات میں یہ 3 کام منع ہیں ۔
1:- مطلق نماز 2:- سجدہ تلاوت 3:- نماز جنازہ

سوال 18:- کن اوقات میں نفل پڑھنا مکروہ ہے؟
جواب :- ان 5 اوقات میں نفل مکروہ ہیں ۔
1:- بعد فجر 2:- بعد عصر 3:- وقت فجر شروع ہونے کے بعد 4:- مغرب کے فرض سے قبل (وقت شروع ہونے کے بعد)
5:- جب امام خطبہ کے لیے نکل جائے ۔

سوال 19 :- اذان کی سنتیں اور آداب بیان کریں ؟
جواب :- اذان کی سنتیں و آداب یہ ہیں ۔
1:- ترسل یعنی (ٹھر ٹھر کر اذان دینا)
2:- حی علی الصلوۃ و حی علی الفلاح میں تحویل کرنا (چہرہ گھمانا)
3:- انگلیوں کو کان میں داخل کر کے اذان دینا ۔
4:- با وضو اذان دینا۔

سوال 20 :- کن لوگوں کی اذان مکروہ ہے ؟
جواب :- ان 3 لوگوں کی اذان کی مکروہ ہے۔
1 :- جنبی کی 2 :- عورت کی 3 :- وقت سے پہلے اذان دینا ۔

سوال 21 :- امام بننے میں اعتبارات یعنی کس کو مقدم کیا جائے گا ؟
جواب :- سب سے پہلے 1:عالم بالسنۃ سب برابر ہیں تو 2:پھر قاری
3:پھر متقی 4: پھر عمر رسیدہ

سوال 22 :- سفر وحضر کی حالت میں قرات کی مقدار کیا ہوگی ؟
جواب :- سفر میں جلدی ہو تو سورہ فاتحہ اور کوئی بھی صورت پڑھنے کی اجازت ہے۔ اور اگر امن کی حالت ہو تو سورہ بروج اور انشقاق کی مثل پڑھے۔
حضر میں فجر و ظہر میں سورہ فاتحہ کے علاوہ 40 یا 50 آیتیں۔ , عصر اور عشا میں اوساط مفصل , مغرب میں قصار مفصل ۔ اس میں دلیل حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی ابو موسیٰ اشعری کی طرف کتابت (خط) ہے ۔

سوال 23 :- کن لوگوں کی امامت مکروہ ہے ؟
جواب :- ان 5 لوگوں کی امامت مکروہ ہے
1:غلام 2:دیہاتی 3:فاسق 4:اندھا 5:ولد الزنا ۔

سوال 24 :- کن کی امامت جائز نہیں ؟
جواب :- ان 2 کی امامت جائز نہیں
1: عورت 2:بچہ

سوال 26 :- کون لوگ کن کی اقتدا نہیں کر سکتے ؟
جواب :- یہ 5 بندے ان 5 کی اقتدا نہیں کر سکتے ۔ 1:طاہر معذور شرعی کی 2: قاری امی کی 3: کپڑے والا برہنہ کی 4: فرض نماز والا نفل نماز والے کی 5: ایک فرض پڑھنے والا دوسرے فرض پڑھنے والے کی ۔

سوال 27 :- کون لوگ کن کی اقتداء کر سکتے ہیں؟
جواب :- یہ 5 بندے ان 5 کی اقتدا کر سکتے ہیں ۔
1: با وضو تیمّم والے کی 2: غسل والا مسح والے کی 3: قائم قاعد کی 4:اشارہ کرنے والا اپنی مثل اشارہ کرنے والے کی 5: نفل پڑھنے والا فرض پڑھنے والے کی۔

سوال 28 :- غسل کن مواقع پر سنت ہے؟
جواب :- 4 مواقع پر سنت ہے
1۔جمعہ 2۔ عیدین 3۔ یوم عرفہ 4۔ احرام کے لیے

داڑھی افضل یا کتے کی دم!

بایزید بسطامی (رحمہ اللہ) کی طبیعت میں حِلم و بُردباری غالب تھی، کوئی بُرا بھلا کہتا تو بھی انتقام نہ لیتے۔
ایک بار کسی شخص نے کہا: تمہاری داڑھی افضل ہے یا کتے کی دم؟، رو پڑے اور فرمانے لگے:
"اگر خاتمہ بالایمان ہو گیا تو میری داڑھی افضل ہے ورنہ کتے کی دم۔"

(•المقدمۃ السالمۃ فی خوف الخاتمۃ |
• ملا علی قاری حنفی رحمہ اللہ: ۴۵|)

کتبہ :- نیاز رضا عطاری
بفیضان المرشد الکریم

بروز جمعۃ المبارک
24/ 02 /23